# 13259 ـ ابرو کے بال ہلکے کرنا

**سوال**

ابرو کے بال کم اور ہلکے کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو اکھاڑ کر کم کیے جائيں تو یہ حرام ہیں، بلکہ کبیرہ گناہوں میں سے کبیرہ گناہ ہے، کیونکہ یہ اس نمص میں شامل ہوتا ہے جس کے ارتکاب پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے.

اور اگر یہ کاٹ کر یا مونڈ کر کیے جائيں تو بعض اہل علم نے اسے مکروہ کہا ہے، اور اس سے منع کیا ہے، اور بعض نے اسے نمص میں شامل کرتے ہوئے کہا ہے: النمص اکھیڑنے کے ساتھ ہی خاص نہیں بلکہ یہ عام ہے اور چہرے میں ہر طریقہ سے بال میں تغیر کرنا شامل ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی.

لیکن ہماری رائے یہی ہے کہ عورت کو ایسا نہیں کرنا چاہیے لیکن اگر ابرو کے بال بہت زیادہ ہوں کہ وہ آنکھوں کے سامنے گر رہے ہوں اور دیکھنے میں رکاوٹ بنیں تو پھر تکلیف دینے والے بالوں کو اتارنے میں کوئی حرج نہیں.